مولانا عبدالقیوم حقانی

تعارف وتبصرۂ کتب

تبصرہ کتاب کی مجموعی حیثیت پر کیا جاتا ہے تمام جزئیات سے ادارہ کا اتفاق نہیں

حضرت مولانا حسین احمد مدنی رحؒ کی ایمان افروز باتیں

مولانا ابوالحسن بارہ بنکوی کی علمی و تاریخی کاوش شیخ العرب والعجم کے ارشادات، ہدایات، تعلیمات اور عبرت انگیز واقعات کا حسین گلدستہ ہے مجلس یادگار شیخ الاسلامؒ کے روحِ رواں حضرت مولانا قاری تنویر احمد شریفی کے عمدہ ذوقِ طباعت نے معنوی خوبیوں کے ساتھ ظاہری حسن جلد بندی و طباعت کو دیدہ زیب بنا دیا ہے ۲۴۰ صفحات کی یہ کتاب مضبوط جلد بندی کے ساتھ صرف ۵۱ روپے میں دستیاب ہے، ملنے کا پتہ مکتبہ رشیدیہ، قاری منزل پاکستان چوک کراچی۔

اصلاحی خطبات جلد ۴

حضرت مولانا محمد تقی عثمانی صاحب مدظلہ کے سلسلہ خطبات کی یہ چوتھی جلد ہے جس میں اولاد کی اصلاح، والدین کی خدمت، غیبت، سونے کے آداب، تعلق مع اللہ، زبان کی حفاظت، حضرت ابراہیمؑ اور تعمیر بیت اللہ، وقت کی قدر، اسلام اور انسانی حقوق، اور شبِ برآت کی حقیقت جیسے اہم موضوعات پر مفصل اور موثر تقاریر ہیں خطبات کے مرتب حضرت مولانا محمد عبداللہ میمن مدظلہ، جدید ترین اور ہر لحاظ سے بہترین طباعت کے معیار کو ملحوظ رکھ کر یہ علمی شہ پارے ملتِ اسلامیہ کی خدمت میں پیش کر رہے ہیں، صفحات ۲۷۶، کمپیوٹر کتابت، شاندار طباعت قیمت ۸۰ روپے۔ نیز مولانا عبداللہ میمن صاحب نے حضرت عثمانی مدظلہ کی ان تقاریر کو علیحدہ علیحدہ بھی پمفلٹوں کی صورت میں طبع کر دیا ہے جن کی افادیت مسلّم اور طباعت معیاری ہے ملنے کا پتہ میمن اسلامک سنٹر ۱۸۸/۱۔ لیاقت آباد کراچی ۱۹۔

امام ابوحنیفہؒ کی تابعیت

یہ کتاب الرحیم اکیڈمی کی مطبوعہ ہے حضرت مولانا عبدالشہید نعمانی کی علمی کاوش ہے۔ جس میں امام اعظم ابوحنیفہؒ کی تابعیت، صحابہ کرامؓ سے ان کی ملاقات، روایت اور اس سے متعلقہ جملہ پہلوؤں پر تفصیل سے مستند اور مدلل مباحث کا احتوا کیا گیا ہے، اکیڈمی کے چیئرمین جناب ڈاکٹر محمد عبدالرحمٰن غضنفر اپنی دیگر مطبوعات کی طرح اسے بھی عمدہ اور شاندار طباعت، صفحات ۱۲۸ دیدہ زیب ٹائٹل اور ارزاں قیمت صرف ۳۰ روپے میں اہل علم کی خدمت